Fairfax County Fire and Rescue Department
فیئرفیکس کاؤنٹی فائر اینڈ رسکیو ڈپارٹمنٹ
ایمرجنسی امبولنس سروسز بلینگ

فیئرفیکس کاؤنٹی میں ایمرجنسی امبولنس سروسز کی بلینگ [بل (انوائس) تیار کرنے کی بنیادی طریقہ کار] کا آغاز 1 اپریل 2005 سے ہوتا ہے۔ فیئرفیکس کاؤنٹی فائر اینڈ رسکیو ڈپارٹمنٹ اپنے باشندوں اور ملاقاتیوں کے **"خدمت کی اولیت"** کی پالیسی پر عمل کرتا ہے اور ممکنہ بہترین ہنگامی طبی خدمات فراہم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ میڈی کیئر (Medicare)، میڈی کیڈ (Medicaid) یا دیگر طبی بیمہ رکھنے والے فیئرفیکس کاؤنٹی کے باشندوں کو امبولنس سے آمد و رفت کا کوئی خرچ **نہیں** برداشت کرنا ہوگا۔ انشورنس کی ادائیگیاں مکمل ادائیگیوں کے طور پر قبول کی جائیں گی۔

ادائیگی کی صلاحیت یا صحت بیمہ کے فقدان کی بنیاد پر کاؤنٹی کی امبولنس سروسز فراہم کرنے سے انکار نہیں کیا جائےگا۔ جب باشندوں کو ہنگامی مدد کی ضرورت ہوگی تو انھیں بلا تکلف 1–1– 9 پر فون کرنا چاہیے۔ آگ بجھانے والے عملے کے لوگوں اور جان بچانے کے ترقی یافتہ طریقے کے فراہم کاران کو، تمام باشندوں کی حفاظت و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے بہترین ممکنہ آلات اور تربیت دیے گئے ہیں۔

کاؤنٹی کے ایک باشندے کی حیثیت سے، کسی طبی سہولت گاہ کو دی گئی ایمرجنسی امبولنس سروس کے لیے آپ کی بیمہ کمپنی، میڈی کیئر یا میڈی کیڈ سے خرچ وصول کیا جائے گا۔ کاؤنٹی کے ان باشندوں کے لیے جو غیر بیمہ شدہ ہوں، ڈپارٹمنٹ یہ یقینی بنانے کے لیے آپ کے ساتھ تعاون کرےگا کہ اپنے بل کی ادائیگی نہ کرسکنے کی صورت میں آپ کو مالی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ مالی مشکل سے بچنے کا فارم ان باشندوں کو دستیاب ہوگا جنھیں اس کی ضرورت ہو۔ اگر کسی کو بھی طبی سہولت گاہ تک نہ لے جایا گیا ہو تو فراہم کردہ نگہداشت کا کوئی خرچ وصول نہیں کیا جائےگا۔ **ایک بار پھر یاد رکھیں کہ کسی کو بھی ادائیگی نہ کر سکنے یا بیمہ نہ ہونے کی وجہ سے 1-1-9 پر فون کرنے میں ہچکچانا نہیں چاہیے۔**

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

بلینگ کس طرح ہوتی ہے؟
نگہداشت مریض کی فراہمی کے بعد، اکثر اسپتال میں ہی بیمہ سے متعلق معلومات حاصل کر لی جاتی ہیں۔ فیئر فیکس کاؤنٹی اپنے باشندوں کے لیے ذیلی واجبات اور قابل منہائی رقوم معاف کر دے گی۔ باشندگان بلینگ کمپنی سے ابتدائی گوشوارہ حاصل کر سکتے ہیں۔ کاؤنٹی کے ان باشندوں کے لیے جو غیر بیمہ شدہ ہوں، فیئر فیکس کاؤنٹی نے ہمدر دانہ بلینگ پالیسی اختیار کی ہے۔ فیئر فیکس کمپنی نے بلینگ ایمرجنسی امبولنس سروس کی بلینگ کے لیے ایک کمپنی کو ٹھیکا دیا ہے۔

اگر میرے پاس صحت بیمہ نہیں ہے، اور میں اپنا بل نہیں ادا کر سکتا تو میرے پاس کون سے انتخابات ہیں؟
کاؤنٹی امبولنس میں کسی طبی سہولت گاہ تک لے جائے جانے والے مریض، جن کے پاس صحت بیمہ نہ ہو انہیں ایک درخواست برائے معلومات ارسال کی جائے گی، جس میں مالی دشواری سے معافی کا فارم بھی شامل ہوگا۔ معافی کا فارم بلینگ کمپنی کے پاس جمع کیا جانا چاہیے۔ کمپنی مالی دشواری کی وجہ سے امبولنس سروس کی اجرت معاف کر دے گی۔

کیا ملاقاتیوں یا کاؤنٹی کے غیر باشندگان سے ذیلی واجبات وصول کیے جائیں گے؟
ہاں، صرف کاؤنٹی کے باشندے ہی اپنے ذیلی واجبات اور قابل منہائی رقوم کو معاف کرانے کے اہل ہیں۔

اگر میری بیمہ کمپنی میری ایمرجنسی امبولنس سروس بل کا احاطہ نہ کرے تو کیا ہوگا؟
کاؤنٹی کی بلینگ سروس ذریعہء آمد و رفت کی طبی ضرورت ظاہر کرنے کے لیے مطلوب تمام معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرےگی۔ تاہم، اگر آپ کا مطالبہ مسترد کر دیا جاتاہے تو ڈپارٹمنٹ کاؤنٹی کے باشندوں کے لیے اجرت کو ناقابل وصولیابی تصور کرےگا۔

اگر ایمرجنسی ایمبولنس سروس کے لیے ذیلی واجبات کو معاف کر دیا جاتا ہے تو کیا کاؤنٹی کے باشندوں کو اپنی جیب سے کچھ خرچ کرنا پڑےگا؟
کاؤنٹی کے ان باشندوں کے لیے جن کے پاس صحت بیمہ، میڈی کیئر، یا میدی کیڈ ہو ایمرجنسو امبولنس سروس کے لیے کوئی اضافی اجرت طلب نہیں کی جائےگی۔

ایمرجنسی ایمبولنس سروسز کی اجرتیں کیا ہیں؟
اجرتوں میں شامل ہیں: کسی طبی سہولت گاہ میں بسیک لائف سپورٹ (BLS) کے لیے 500 ڈالر؛ کسی طبی سہولت گاہ میں ایڈوانسڈ لائف سپورٹ، سطح 1 (ALS1)، (سنگین طبی مسائل یا سکتہ پیدا کرنے والی چوٹ) کے لیے 650 ڈالر؛ کسی طبی سہولت گاہ میں ایڈوانس لائف سپورٹ، سطح 2 (ALS2)، (دل کا دورہ) کے لیے 800 ڈالر؛ اور کاؤنٹی امبولنس سروس کی طرف سے مریض کو اٹھانے کے مقام سے اسپتال تک 12 ڈالر فی میل۔

میری راز داری کی حفاظ کیسے کی جائےگی؟
ڈپارٹمنٹ کے تمام افراد کو مریض کی راز داری سے متعلق ہیلتھ انشورنس پورٹیبلٹی اینڈ اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ (قانون انتقال پذیریٔ بیمہ صحت و جواب دہی) (HIPAA) کی شرائط کی تربیت دی گئی ہے اور وہ ان معیارات کی پوری طرح تعمیل کریں گے۔

اگر مجھے بلینگ یا بیمہ سے متعلق کوئی مسئلہ در پیش ہو تو میں کسے فون کروں؟
بلینگ اور بیمہ سے متعلق سوالوں کے جواب دینے کے لیے بلینگ کمپنی کے پاس خدمت صارفین کے نمائندے ہوں گے۔ اگر آپ مطمئن نہ ہوں تو آپ فائر اینڈ رسکیو ڈپارٹمنٹ پسنٹ ایڈوکیٹ کو 703-246-2266 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

کیا یہ بلینگ پروگرام فیئرفیکس کاؤنٹی میں تمام تر امبولنس سروس کا احاطہ کرتا ہے؟
یہ بلینگ پروگرام فیئر فیکس کاؤنٹی فائر اینڈ رسکیو ڈپارٹمنٹ کی طرف سے فراہم کردہ تمام تر امبولنس سروسز کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ پروگرام ذاتی طور پر فراہم کردہ امبولنس سروسز یا اجرتوں کا احاطہ نہیں کرتا۔

مزید معلومات، سوالات، یا عوامی پیش کش کا وقت طے کرنے کے لیے، براہ کرام 703-246-2266 پر فون کریں؛ TTY 711 - یہ معلومات متبادل شکلوں میں فراہم کی جائےگی، مثلا بڑے حروف اور بریل میں۔ براہ کرم اپنی درخواست پر کارروائی کے لیے دس دن کا موقع دیں۔ اس کے علاوہ، یہ پرچہ فائر اینڈ رسکیو ڈپارٹمنٹ کی ویب سائٹ www.fairfaxcounty.gov/fire پر دستیاب ہے تاکہ آپ دوسروں کو اس معلومات میں شریک کر سکیں۔